روزنامہ اوصاف لاہور

تاریخ 23 NOV 2022

گوجرانوالہ: ایڈوائزر (انچارج) وفاقی محتسب شاہد لطیف خاں کا سیالکوٹ کا دورہ

ایف آئی اے، پی ٹی سی ایل اور سٹیٹ لائف انشورنس وغیرہ کیخلاف 27 شکایات سنیں

23 دوران سماعت شکایات کا موقع پر فیصلہ، باقی 4 شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کردیا

گوجرانوالہ (سٹی بیورو) وفاقی محتسب کے ایڈوائزر (انچارج) شاہد لطیف خاں اور اصغر علی اعوان اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس، گوجرانوالہ ڈویژن نے سیالکوٹ کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر آفس کمپلیکس میں واقع ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کے دفتر میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کیخلاف (Outreach Complaint Resolution) اور (انصاف آپ کی دہلیز پہ) کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، پوسٹ آفس، ایف آئی اے، پی ٹی سی ایل اور سٹیٹ لائف انشورنس وغیرہ کے خلاف (27) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، پوسٹ آفس، ایف آئی اے، پی ٹی سی ایل، اور سٹیٹ لائف انشورنس کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (23) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (4) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج) نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔

meriawaznews@gmail.com ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور موثر روزنامہ

Daily MERI AWAZ NEWS Multan

روزنامہ
میری آواز
ملتان
پاکستان

0302-9356120

چیف ایڈیٹر: محمد اقبال بوہنہ
ایڈیٹر: القمر جھاں

جلد نمبر 2	بدھ 27 ربیع الثانی 1444ھ 23 نومبر 2022	شمارہ نمبر 315

ادارہ وفاقی محتسب کے زیر اہتمام سپیریئر کالج میں سیمینار کا انعقاد

خلیفہ دوئم حضرت عمر فاروق کے دور سے احتساب کے نظام کا آغاز ہوا

وہاڑی (نامہ نگار) ادارہ وفاقی محتسب کے زیر اہتمام سپیریئر کالج میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار سے ایڈوائزر وفاقی محتسب محمود جاوید بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خلیفہ دوئم حضرت عمر فاروق کے دور سے احتساب کے نظام کا آغاز ہوا۔ ادارہ وفاقی محتسب پاکستان میں 1983 میں عمل میں آیا۔ ادارہ وفاقی محتسب کا مقصد عوامی شکایات کا ازالہ کرنا ہے وفاقی محتسب 200 سے زائد وفاقی اداروں سے متعلق شکایات کو سنتا ہے وفاقی محتسب کی ہیلپ لائن 1055 ہے۔ وفاقی محتسب 60 دن کے اندر شکایات کا ازالہ کرتا ہے۔ وفاقی محتسب کو عوام بغیر ڈاک ٹکٹ کے شکایات بھیج سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ۔ اگر کسی وفاقی ادارہ میں قوانین کے مطابق کام نہیں ہو رہا تو وفاقی محتسب ادارہ کو اطلاع دیں۔ 24 گھنٹے میں درخواست وصولی کی اطلاع دخواست دہندہ کو دے دی جائے گی۔ اگر درخواست دہندہ وفاقی محتسب کے فیصلہ سے مطمئن نہ ہو تو 30 دن کے اندر اپیل کر سکتا ہے۔ وفاق محتسب کے فیصلوں پر 96 فیصد عمل درآمد ہوتا۔ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کو سال 2021 میں 1 لاکھ 10 ہزار 397 شکایات موصول ہوئیں۔ سال 2021 میں 1 لاکھ 6 ہزار 732 شکایات کے فیصلے کیے گئے۔ وفاق محتسب ادارہ میں شفافیت اور میرٹ کے مطابق فیصلے ہوتے ہیں اس سال 36 کھلی کچہریاں لگائی گئیں اور 1087 شکایات کا ازالہ کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن میاں نعیم عاصم اور پرنسپل سپیریئر کالج راؤ اسماعیل بھی موجود تھے۔